سوال

(36) غلام نبی، غلام رسول، غلام محمد، وغیرہ ایسے نام رکھنا جائز ہے یا کہ ناجائز؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غلام نبی، غلام رسول، غلام محمد، وغیرہ ایسے نام رکھنا جائز ہے یا کہ ناجائز ہے۔ ایک عالم کہتا ہے کہ ایسا نام رکھنا جائز ہے یا کہ ناجائز ہے۔ ایک عالم کہتا ہے۔ کہ ایسا نام رکھنا ازروئے مذہب اسلام ناجائز ہے۔ دوسرا عالم کہتا ہے کہ ایسے ناموں کی تردید کےلیے نہ کوئی آیہ قرآنی ہے اورنہ ہی کوئی حدیث شریف ہے۔ اس لیے ایسے نام رکھنا جائز ہے۔ (سائل غلام نبی طاہری ازبٹہ مالنہ سرنیگ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے نویں پارے میں لکھا ہے کہ شرک در تسمیہ نوعیست از شرک چنانکہ اہل زبان یا غلام فلاں عبد فلاں نام، نہند۔ آج کل جو لوگ غلام فلاں عبد فلاں نام رکھتے ہیں۔ از قسم شرک ہے۔ (اہل حدیث امرتسر ۳۵ جولائی ۱۹۴۷ء مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 09 ص 125

محدث فتویٰ